21237- حجاج ایسا لباس کیوں زیب تن کرتے ہیں ؟

سوال

حجاج کرام حج میں ایسا لباس (دو سفید چادریں) کیوں زیب تن کرتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

اللہ سبحانہ وتعالی نے اپنے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے ہمیں حکم دیا ہے کہ حج وعمرہ میں ہم ایک چادر نیچے باندھیں اور ایک چادر اوپر اوڑھ لیں اس کی حکمت کا اللہ تعالی کو ہی علم ہے ، ہم پر تو صرف اجر وثواب کی امید رکھتے ہوئے اللہ تعالی اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت وفرمانبرداری واجب ہے ، چاہے ہمیں اس حکم کی حکمت کا علم ہو یا اس کی حکمت ہمارے علم میں نہ آئے ۔

علماء کرام نے اس کی بعض حکمتیں ذکر کی ہیں جن میں سے ہم چند ایک کو ذیل میں ذکر کرتے ہیں :

روز قیامت لوگوں کے جمع ہونے اور اٹھائے جانے کی یاددہانی اور حاجی کو تواضع وانکساری کا شعور دلانا اور غنی وفقیر کے مابین فرق کو مٹانا اور برابری ہے ہم اللہ تعالی سے دعا گو ہیں کہ وہ آپ کو اور ہمیں توفیق اور سیدھے راہ کی راہنمائی سے نوازے اور اللہ تعالی سے ملنے تک ہمیں حق پر ثابت قدم رکھے ۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے صحابہ کرام پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے ۔ .